مسلسل اشاعت کے 81 سال
nawaiwaqt.com.pk
editor@nawaiwaqt.com.pk
@nawaiwaqt fb.com/nawaiwaqt

DAILY
NAWA-I-WAQT
KARACHI
روزنامہ نوائے وقت
بانی حمید نظامی مرحوم
معمار مجید نظامی مرحوم
ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی
کراچی
لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد، ملتان اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

جلد 41 | جمعہ، 17 صفر 1443ھ، 25 ستمبر 2021ء، 10 اسوج 2078ب | UAN 111-222-007 | قیمت 20 روپے | صفحات 10 | رجسٹرڈ نمبر پی پی ایل 102 | شمارہ 343

SPI
INSURANCE

UIC
PAKISTAN

نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

بابت:

سول اوریجنل نمبر 52268-2021

SPI انشورنس کمپنی لمیٹڈ

اور

دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ

پیکرا (PACRA) کی جانب سے AA قرار شدہ

بابت SPI انشورنس کمپنی لمیٹڈ اور اس کے ممبرز، اور دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ اور اس کے ممبرز کے انضمام کے انتظام اور تعمیر نو کی منظوری۔

عزت مآب لاہور ہائی کورٹ نے سول اوریجنل نمبر 52268 آف 2021 میں حکم مورخہ 08-09-2021 کے ذریعے ہدایت کی ہے کہ مذکورہ بالا کمپنیوں کے ممبرز کے غیر معمولی اجلاس عام منعقد کیے جائیں اور اگر مناسب سمجھا جائے تو مذکورہ بالا کمپنیوں اور ان کے ممبرز کے درمیان انضمام کے لیے انتظام اور تعمیر نو کی منظوری اسکیم کو منظور کیا جائے، اسے اختیار کیا جائے اور اس پر رضا مندی ظاہر کی جائے اور مندرجہ ذیل قرارداد منظور یا دوسری صورت، کی جائے:۔

قرار پایا: کہ **SPI انشورنس کمپنی لمیٹڈ اور اس کے ممبرز، اور دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ اور اس کے ممبرز** کے درمیان انضمام کے انتظام اور تعمیر نو (دی اسکیم) کی منظوری کے لیے عزت مآب لاہور ہائی کورٹ کی منظوری سے مشروط، جیسا کہ **SPI انشورنس کمپنی لمیٹڈ اور اس کے ممبرز، اور دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ اور اس کے ممبرز** کے سامنے اجلاس میں رکھی گئی، جیسا کہ اسکیم میں تفصیل بتائی گئی ہے، اور اسکیم کے مطابق کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 279 سے 283 اور 285 تک کے تحت مذکورہ بالا کمپنیوں کے اثاثوں اور ذمہ داریوں سمیت تمام انڈرٹیکنگز، کسی قسم کے ردو بدل یا شرط سے مشروط جیسا کہ عزت مآب لاہور ہائی کورٹ، لاہور اور/یا مسابقتی کمیشن پاکستان کی طرف سے درکار ہو یا عائد کی گئی ہو، پر رضامندی ظاہر کی جائے، منظور اور اختیار کیا جائے۔

عزت مآب کورٹ کے مذکورہ بالا آرڈر کی تعمیل کرتے ہوئے بذریعہ ہذا نوٹس دیا جاتا ہے کہ متعلقہ کمپنیوں کے ممبرز کی EOGMs مندرجہ ذیل کے مطابق منعقد ہوں گی:

کمپنی	مقام	تاریخ	وقت
دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ	PSX آڈیٹوریم، اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، کراچی	16-10-2021	12:30 p.m.
SPI انشورنس کمپنی لمیٹڈ	6-D، اپر مال، لاہور	23-10-2021	12:30 p.m.

چیئرمین برائے غیر معمولی اجلاس عام

تابندہ اسلام
ایڈووکیٹ سپریم کورٹ
0333-4300865

بختیار محمود ملک
ایڈووکیٹ ہائی کورٹ
0322-2272143

بمقام : کراچی
مورخہ : 24-09-2021

نوٹ:

شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنیوں کے ممبران کے رجسٹرڈ اور شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 9 اکتوبر 2021، تا 16 اکتوبر 2021 (UIC) کیلئے اور 16 اکتوبر 2021 تا 23 اکتوبر 2021 (SPI) کیلئے (بشمول دونوں ایام) بند رہے گی۔ صرف وہی افراد اجلاس میں شرکت کے مستحق ہیں جن کے نام جمعہ 8 اکتوبر 2021، (UIC) اور جمعہ 15 اکتوبر 2021 (SPI) کو ان کمپنیوں کے رجسٹر آف ممبرز میں درج ہوں گے۔ کوئی بھی ممبر جو اس اجلاس میں شرکت، اظہار خیال اور ووٹ دینے کا اہل ہو، وہ اپنی طرف سے اجلاس میں شرکت، اظہار خیال اور ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے ممبر کو اپنا/اپنی پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ پراکسی کی صحیح حالت میں دستاویزات اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنیوں کے رجسٹرڈ دفاتر میں موصول ہوجانی چاہیئں جن پر مناسب طریقے سے مہر اور دستخط ہوں۔

اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل تمام شیئر ہولڈرز اور/یا کوئی انفرادی بینیفشل اونر اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اپنا اصل CNIC یا پاسپورٹ لازماً ساتھ لائے اور پراکسی کی صورت میں اس کے CNIC یا پاسپورٹ کی ایک اضافی تصدیق شدہ کاپی ساتھ منسلک ہو۔ کارپوریٹ ممبرز کے نمائندے، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کے دستخط نمونہ ساتھ لائیں۔

ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں تبدیلی (اگر کوئی ہو) کی اطلاع فوری طور سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ واقع روم نمبر 1705، 17 ویں منزل، صائمہ ٹریڈ سینٹر، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی کو دیں۔

ممبرز کی طرف سے، اسکیم کی کاپی کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت درکار اسٹیٹمنٹ اور مادی حقائق کا اسٹیٹمنٹ جس میں اسکیم کے اثرات کی وضاحت کی گئی ہے، شیڈولڈ اجلاس سے قبل معمول کے دفتری اوقات میں درخواست دے کر کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، آفس نمبر 204، دوسری منزل، مدینہ سٹی مال، عبداللہ ہارون روڈ، صدر، کراچی سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

اجلاس میں شرکت کے لیے ویڈیو لنک سہولت

ممبرز کو ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے athar.khan@theunitedinsurance.com پر ای میل کر کے اپنی معلومات کو رجسٹر کرانا ہوگا۔ جو ممبرز ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے منسلک ہونے کے لیے خود کو رجسٹر کرانا چاہتے ہیں وہ ان کے لیے ضروری ہے کہ وہ "Registration for UIC's EOGM" کے عنوان سے اپنا مکمل نام، سی این آئی نمبر، فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، کارآمد ای میل، پتہ، سیل نمبر اور شیئرز کی تعداد ای میل میں درج کریں۔ ویڈیو لنک اور login کریڈنشلز صرف ان ممبرز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی تمام مطلوبہ کوائف کے ساتھ ای میل منگل 12 اکتوبر 2021 کو (5.00 p.m.) سے پہلے دیئے گئے ای میل ایڈریس پر موصول ہوجائے گی۔ شیئر ہولڈرز اسی ای میل ایڈریس پر EOGM کے ایجنڈا آئٹمز کے لیے اپنی رائے اور سوال بھی بھیج سکتے ہیں۔

A. برائے شرکت:

- a) افراد کو اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز) ہونا چاہیئے اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ ہوں۔ انھیں CNIC یا پاسپورٹ کی ایک کاپی فراہم کر کے اپنی شناخت کی تصدیق کرنا ہوگی۔
- b) کارپوریٹ entities کو اجلاس میں شرکت کے لیے اپنے متعلقہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد کی تصدیق شدہ کاپی یا پاور آف اٹارنی پیش کرنا ہوگی جس پر اٹارنی کے دستخط موجود ہوں۔

B. برائے تقرر پراکسیز:

- a) افراد کو اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز) ہونا چاہیئے اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ ہوں اور ان کے پراکسیز کے فارم اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم سے کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں پہنچا دیئے جائیں۔
- b) پراکسی کے فارم دو مردوں، یا ایک مرد اور دو عورتوں سے تصدیق شدہ ہوں، جن کے نام، پتے اور CNIC نمبران کے دستخط کے نیچے درج ہوں۔
- c) ممبر اور پراکسی کی CNIC اور پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ لازماً جمع کرائی جائیں۔

غیر معمولی اجلاس عام کا نوٹس، مع اسٹیٹمنٹس، انضمام کی اسکیم اور تازہ ترین سالانہ آڈٹ شدہ مالی اسٹیٹمنٹ کمپنی کی ویب سائیٹ پر ڈال دیئے گئے ہیں۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت اسٹیٹمنٹ

یہ اسٹیٹمنٹ EOGM میں نمٹائے جانے والے خصوصی معاملات سے متعلق مادی حقائق اور اسکیم کے ضوابط کا احاطہ کرتی ہے اور کمپنی کے ڈائریکٹرز/ چیف ایگزیکٹیو کی دلچسپی سمیت اس کے اثر اور اس دلچسپی پر اب تک اسکیم کے اثر کی وضاحت کرتا ہے کیونکہ یہ اثر دیگر افراد کی اس قسم کی دلچسپی اور دوسری تائیدی معلومات سے مختلف ہے۔

1. SPI انشورنس کمپنی لمیٹڈ، مع اور اس میں یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ اور ان کے متعلقہ ممبرز کے درمیان انضمام کی اسکیم (آگے اس کا حوالہ "اسکیم" کے طور پر دیا جائے گا) کے ضمن میں برائے منظوری (اور برائے دیگر احکامات) عزت مآب لاہور ہائی کورٹ میں کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 279 سے 283 تک اور 285 کے تحت C.O نمبر 52268 آف 2021 دائر کی گئی ہے۔ اس کارروائی میں عزت مآب عدالت نے اپنے حکم مورخہ 08-09-2021 کے ذریعے اسکیم پر سمجھوتے کے لیے ہر دو کمپنیوں کے ممبرز کے مشترکہ اجلاس بلانے کا حکم دیا۔
2. عزت مآب لاہور ہائی کورٹ کی منظوری سے سے مشروط انضمام کی اسکیم مورخہ 8 ستمبر 2021 (دی "اسکیم آف مرجر") کے تحت SPI انشورنس کمپنی لمیٹڈ، اپنے تمام اثاثوں، ذمہ داریوں اور obligations پر مشتمل تمام تر انڈرٹیکنگ کمپنی کو منتقل کرتے اور سونپتے ہوئے موثر تاریخ پر جیسا کہ عدالت کی طرف سے کہا گیا ہے، یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (دی " کمپنی") میں ضم/مل جائے گی۔
3. غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے اہل کسی بھی فرد کے معائنہ کے لیے انضمام کی اسکیم، کمپنی کے کمپنی سیکرٹری کے دفتر واقع 204، دوسری منزل، مدینہ سٹی مال، عبداللہ ہارون روڈ، صدر، کراچی میں معمول کے دفتری اوقات کے دوران بلا معاوضہ دستیاب ہے، ایسے افراد کی طرف سے درخواست کرنے پر ان کی نقول بھی کمپنی کے کمپنی سیکرٹری کے دفتر سے معمول کے دفتری اوقات کے دوران بلا معاوضہ حاصل کی جاسکتی ہیں۔ اس انضمام/ملاپ کے مقاصد اور فوائد کی تفصیل اسکیم آف مرجر میں بتائی گئی ہے۔
4. مذکورہ بالا کی روشنی میں یہ اسکیم تیار کی گئی ہے۔ پٹیشنرز کے متعلقہ بورڈز نے اس اسکیم کی منظوری دے دی ہے اور اسکیم کو موثر کرنے کے لیے پراسیس شروع کرنے اور اس ضمن میں تمام ضروری اقدامات اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشنز 279 سے 283 تک اور 285 کے تحت اسکیم کو عزت مآب ہائی کورٹ میں پیش کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔
5. کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2) 279 کے تحت لاہور ہائی کورٹ سے توثیق کے لیے اجلاس میں موجود اکثریت کو جو کمپنیوں کے ممبرز کی تین چوتھائی کی نمائندگی کرتی ہو اس اسکیم پر رضامند ہونا چاہیئے۔ لہٰذا، مذکورہ بالا C.O نمبر 52268 آف 2021 میں جاری کیے جانے والے آرڈر مورخہ 08-09-2021 پر عمل کرتے ہوئے غور و خوض اور اگر مناسب سمجھا گیا تو اس اسکیم کو منظور، اختیار کرنے اور اتفاق کے لیے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاس عام 16-10-2021 کو 12:30 PM پر PSX آڈیٹوریم، اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی میں منعقد ہوگا۔
6. کمپنی کے کسی ڈائریکٹر کا خواہ بالواسطہ یا بلاواسطہ، دو پٹیشنر کمپنیوں میں ان کی شیئر ہولڈنگ اور ان کمپنیوں میں ان کی ملازمت کی حد تک کے سوا اور مفاد نہیں ہے۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 281 کے تحت خصوصی امور کے بارے میں اسٹیٹمنٹ

اس غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے اہل کسی بھی فرد کی طرف سے اس انضمام کی اسکیم کے ضوابط کے بارے میں اسٹیٹمنٹ اور اس کے اثرات، بشمول کمپنی کے ڈائریکٹرز کے مفاد اور ان مفادات کے اثرات کے اور دوسری معاون معلومات درخواست کرنے پر کمپنی کے کمپنی سیکرٹری کے کمپنی واقع آفس نمبر 204، دوسری منزل، مدینہ سٹی مال، عبداللہ ہارون روڈ، صدر، کراچی سے معمول کے دفتری اوقات میں بلا معاوضہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔

مذکورہ بالا اسٹیٹمنٹ غیر معمولی اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ بھی منسلک ہے

یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان
کے شیئر ہولڈرز کو نوٹس کے ساتھ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (A)(1)281 کے تحت اسٹیٹمنٹ

C.O. نمبر 52268 میں کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 279 سے 283 تک اور 285 کے تحت عزت مآب لاہور ہائی کورٹ کی طرف سے جاری کردہ آرڈر مورخہ 8 ستمبر 2021 میں عدالت نے یہ ہدایت بھی کی کہ SPI انشورنس کمپنی لمیٹڈ ("SPI") کے یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ("UIC") کے ساتھ انضمام/ملاپ کے بارے میں اسکیم آف مرجر اور اس سے منسلک معاملات کی منظوری کے لیے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے اجلاس بلائے جائیں جیسا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے 8 جولائی 2021 کو منظوری دی جاچکی ہے (دی "اسکیم آف مرجر")۔

اسکیم آف مرجر کی کاپی (مع اس کے منسلکہ کے) کمپنی کے کمپنی سیکرٹری کے دفتر سے واقع آفس نمبر 204، دوسری منزل، مدینہ سٹی مال، عبداللہ ہارون روڈ، صدر، کراچی سے معمول کے دفتری اوقات میں بلا معاوضہ حاصل کی جاسکتی ہے۔

کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو جاری کردہ اور شائع شدہ نوٹس کمپنی کے ممبرز کا اجلاس بلانے کے مقصد کے لیے ہے، جیسا کہ عدالت نے انضمام کی اسکیم اور انضمام/ملاپ کے ضمن میں منظوری حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد منظور کرنے کے مقصد کے لیے بلانے کا حکم دیا ہے، جو مندرجہ ذیل ہے:

قرار پایا: کہ **SPI انشورنس کمپنی لمیٹڈ اور اس کے ممبرز، اور یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ اور اس کے ممبرز** کے درمیان انضمام کے انتظام اور تعمیر نو (دی اسکیم) کی منظوری کے لیے عزت مآب لاہور ہائی کورٹ کی منظوری سے مشروط، جیسا کہ **SPI انشورنس کمپنی لمیٹڈ اور اس کے ممبرز، اور یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ اور اس کے ممبرز** کے سامنے اجلاس میں رکھی گئی، جیسا کہ اسکیم میں تفصیل بتائی گئی ہے، اور اسکیم کے مطابق کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 279 سے 283 اور 285 تک کے تحت مذکورہ بالا کمپنیوں کے اثاثوں اور ذمہ داریوں سمیت تمام انڈرٹیکنگز، کسی قسم کے ردو بدل یا شرط سے مشروط جیسا کہ عزت مآب لاہور ہائی کورٹ، لاہور اور/یا مسابقتی کمیشن پاکستان کی طرف سے درکار ہو یا عائد کی گئی ہو، پر رضامندی ظاہر کی جائے، منظور اور اختیار کیا جائے اور بذریعہ ہذا کیا جاتا ہے۔

انضمام اور computed شیئر ادل بدل تناسب کے پیش نظر SPI کے ہر شیئر کے لیے UIC کی 0.90 بریک اپ ویلیو جاری کی جائے گی۔ لہٰذا، SPI کے شیئر ہولڈرز کو مجاز حکام کی منظوری سے مشروط 51,750,000 شیئرز جاری کیے جائیں گے۔

انضمام/ملاپ کے ضمن میں تمام معلومات کوائف اور اس حوالے سے تمام تر انتظام بشمول منسلک معاملات اسکیم آف مرجر میں تفصیل سے بیان کیے گئے ہیں، جن میں انضمام/ملاپ کے مقاصد اور فوائد بھی شامل ہیں۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی طرف سے اسکیم آف مرجر کی منظوری، کمپنی کے منظور شدہ شیئر کیپیٹل میں اضافے سمیت اسکیم آف مرجر میں تجویز شدہ تمام معاملات کے ضمن میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی طرف سے خصوصی قرارداد کے طریقے سے منظوری کے مترادف بھی ہوگی۔

چیئرمین برائے غیر معمولی اجلاس عام

تابندہ اسلام
ایڈووکیٹ سپریم کورٹ
0333-4300865

بختیار محمود ملک
ایڈووکیٹ ہائی کورٹ
0322-2272143

مقام : کراچی
مورخہ : 24-09-2021